سفارت خانہِ پاکستان

(فرانس)

***

اہم اطلاع برائے پاکستانی کمیونٹی

جیسا کہ آپ واقف ہیں کہ کورونا وائرس وبائی مرض فرانس میں تیزی سے پھیل رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی وبائی بیماری کی وجہ سے فرانسیسی حکومت نے ایک اور لاک ڈاؤن نافذ کر دیا ہے۔ فرانسیسی حکومت کی طرف سے جاری کردہ نئی پالیسی کے پیشِ نظر اور کونسلر سیکشن میں آنے والے خواتین وحضرات کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سفارتخانہ نے مندرجہ ذیل اقدامات کیے ہیں۔

☆ وائرس سے متاثر ہونے سے بچنے کے لیے انتہائی مجبوری کی صورت میں کونسلر سیکشن تشریف لائیں۔

☆ چونکہ معاشرتی فاصلہ کو یقینی بنانے کے لیے ہمیں کونسلر ہال کے اندر محدود تعداد میں لوگوں کو بٹھانے کی گنجائش ہے اِس لیے سفارتخانہ آنے سے قبل فون نمبر 0752781824 اور ای میل contactconsularsection@gmail.com پر ملاقات کا وقت لیں۔

☆ اگر آپ ملاقات کا وقت نہیں لیتے تو آپ کو اپنی باری کے لیے انتظار کرنا پڑے گا۔ اُس صورت میں معاشرتی فاصلہ برقرار رکھیں۔ لاک ڈاؤن کے دوران کسی بھی قسم کے اجتماع کی ممانعت ہے۔

☆ ماسک پہننا مت بھولیں اور ہاتھوں کو بار بار صابن سے دھوئیں۔

پہلے لاک ڈاؤن کی طرح ان مشکل حالات میں بھی سفارتخانہ پاکستان کمیونٹی کے ساتھ کھڑا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ کمیونٹی ملاقات کے لیے آنے والوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کرے گی۔

شکریہ!

(عباس سرور قریشی)

ہیڈ آف چانسلری

EMBASSY OF PAKISTAN IN FRANCE
PARIS